12.30 PM (5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلیٹن لیکر میں۔۔عارف حسین

پی ایم

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ بھارت دنیا کیلئے ایک با اعتماد شراکت دار کے طور پر اُبھر رہا ہے۔پیرس میں بھارتی برادری سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ ایک وقت ایسا تھا جب ملکوں کے درمیان تعلقات کا تعین محض تجارت سے ہوتا تھا مگر آج کاروبار کے ساتھ ساتھ اعتماد بھی بہت ہی اہم ہو گیا ہے۔

انہوں نے کہا کہ ہر کوئی ملک ایک ایسا شراکت دار چاہتا ہے جس پر کہ ایک لمبے عرصے کیلئے بھروسہ کیا جا سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کوئی بھی ملک ایسے گونا گوں شعبوں میں سرمایہ کاری کرتا ہے جو آنے والی پیڑیوں کیلئے اختراع ، مواقعے اور ترقی کے دریچے کھولتے ہیں۔

واضح رہے کہ فرانس اور سلوواکیہ کے کامیاب دورے کے بعد وزیر اعظم آج واپس وطن پہنچ رہے ہیں۔ وہ آج ہی پردھان منتری وکست بھارت روزگار یوجنا کے تحت2ہزار 4سو کروڑ روپے کے مراعات تقسیم کرنے والے ہیں۔

ردِ عمل

بھارت نے اقوام متحدہ میں پاکستان اور اسلامی تعاون کی تنظیم OIC کی طرف سے جموں کشمیر کے بارے میں دئے گئے حوالوں اور الزامات کو یکسر مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ جموں کشمیر ہمیشہ سے ہی بھارت کا ایک ناقابل تنسیخ حصہ رہا ہے اور رہے گا۔

اقوام متحدہ کے انسانی حقوق کے کمشن کے 62ویں اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے اقوام متحدہ میں بھارت کی مستقل نمائندہ انوپما سنگھ نے پاکستان پر مقامی چلینجوں اور دہشت پسندی کی مسلسل حمایت سے توجہ ہٹانے کیلئے پروپگنڈاکرنے کا الزام لگا یا ہے۔

امریکہ

امریکہ نے کہا ہے کہ ایران کی بندرگاہوں اور ساحلی علاقوں میں آنے جانے والے جہازوں پر سے بحری ناکہ بندی ہٹائی گئی ہے۔ امریکہ کے مرکزی کمانڈ نے کہا ہے کہ یہ پابندی صدر ڈونالڈ ٹرمپ کے احکامات کی پیروی میں ہٹائی گئی ہیں۔

یہ پیش رفت صدر ٹرمپ کی جانب سے اُس معاہدے پر دستخط کے ایک دن بعد ہوئی ہے جس کی رو سے ایران کے ساتھ قریب چار مہینے کا تناز عہ ختم ہوا اور پورے خطے میں تناؤ دور ہو گیا۔

سی ایم

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کہا ہے کہ سرکار ہالسٹک ایگریکلچر ڈیولپمنٹ پروگرام کے تحت زرعی سیکٹر مینبنیادی ڈھانچے کی تنصیب کے ساتھ ساتھ اعلیٰ پیدا واری فصلوں کی قدر افزائی کیلئے سہولیات بڑھا رہی ہے ۔

ٹنر گاندربل میں محکمہ زراعت کی طرف سے منعقدکردہ لیونڈر فیسٹول کا افتتاح کرتے ہوئے عمر عبداللہ نے کہاکہ لیونڈر کی کاشت جموں کشمیر کی ترقی اور خوشحالی کی سمت میں ایک نیا باب ہے ۔

............CM........

وزیر اعلیٰ نے زرعی سیکٹر کے کئی ترقیاتی پروجیکٹوں کا بھی افتتاح کیااور چند ایک کا سنگ بنیاد رکھا۔

چیف سیکریٹری

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے جموں کشمیر بھر میں تین ہزار کروڑ روپے کی لاگت والے تعمیر نو یعنی ریاستوں کیلئے مالی سرمایہ Sasci کے پروجیکٹوں کو دِر دست لینے پر زور دیا ہے۔ وہ کاری کی خصوصی امداد کے آفات سے متعلق مد// اور مرکزی وزارت داخلہ کی طرف سے منظور کردہ آفات کے بعد کی ضروریات کیلئے بحالی اور تعمیر نو کے پیکیج کے تحت پروجیکٹوں کی نشاندہی ، منظوری اور عمل آوری پر پیش رفت کا جائزہ لے رہے تھے۔

چیف سیکریٹری نے سبھی متعلقہ محکموں کو ہدایت دی کہ وہ پروجیکٹوں پر تعمیراتی کام کی رفتار بڑھا کر رقومات کا بر وقت تصرف یقینی بنائیں۔

صوبائی کمشنر

صوبائی کمشنر کشمیر انشل گرگ نے ضلع انتظامیہ سرینگر کی جانب سے ریجنل ٹرانسپورٹ آفس سرینگر میں ای گورننس سے متعلق قائم کردہ سینٹر آف ایکسی لنس کا افتتاح کیا ۔

اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے ڈویژنل کمشنر نے کہاکہ یہ مرکز امتیاز ڈیجیٹل سہولیات کا ایک جامع ون سٹاپ سینٹر ہوگا جہاں سے شہریونکیلئے ٹرانسپورٹ سے جڑی خدمات کے علاوہ مختلف سرکاری اسکیموں تک آسان اور آن لائن رسائی ممکن ہو سکے گی ۔

سکاسٹ

شیر کشمیر یونیورسٹی آف اگریکلچرل سائنسز اینڈ ٹیکنالوجی کشمیر کی ایک طالبہ کو امریکہ کے Wild Animal Initiative کی جانب سے ایک بڑا مالی گرانٹ حاصل ہوا ہے۔

میں پی ایچ ڈی سکالر مصبا ح رحمان کو 6ہزار5سو امریکہ ڈالر Fishries یونیورسٹی کے شعبہ کا یہ گرانٹ نایاب مچھلیوں پر تحقیق کرنے کیلئے ملا ہے۔

اد ارے کے وائس چانسلر پروفیسر نزیر احمد گنائی نے اس سلسلے میں مصباح رحمان اور اُنکی ڈاکٹر سید طالبہ مشتاق کو مبارکباد پیش کی ہے۔ Investigatorپرنسپل

نائب صدر

نائب صدر جمہوریہ سی پی رادھا کرشنن آج سے لداخ کے تین روزہ دورے پر جارہے ہیں ، جہاں وہ یوگا کی بین الاقوامی تقریبات میں حصہ لیں گے۔

گاؤں میں مقامی سیلف ہیلپ گروپوں Lukung اپنے دورے کے دوران نائب صدر کل یو ٹی کے کے ساتھ بھی ملاقات کرینگے۔ وہ وائبرنٹ ولیجز پروگرام کے تحت اس سرحدی خطے میں ترقیاتی اقدامات کا جائزہ لینے کے علاوہ جنگی یاد گار پر بھی حاضری دیں گے۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ